سوال

(249) عید کے دن معانقہ کرنے کی حکمت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید کے دن تسلسل سے تین بار معانقہ کرنے کی کیا حکمت ہے۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

عید کے دن عید ملنے کے لئے معانقہ کرنا، لوگوں کی عادت ہے، لوگ یہ کام عبادت سمجھ کر نہیں کرتے، بلکہ ایک دوسرے کے احترام اور خوشی کے اظہار کے طور پر کرتے ہیں۔ لہذا اس میں اصل اباحت ہے۔ باقی رہا ایک بار یا تین بار ملنے کا معاملہ تو یہ لوگوں کی باہمی محبت پر مبنی ہوتا ہے، جو آدمی زیادہ قریب ہو، اسے ایک سے زائد بار ملنے کی کوشش کی جاتی ہے اور جو قریبی نہ ہو اس سے سرسری سا مل لیا جاتا ہے۔ شیخ صالح العثیمین کا یہی موقف ہے۔ "مجموع فتاوی ابن عثیمین" (210-16/208

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد 2